ترکمانستان سے آنے والے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ سے ملاقات

✿......اس کے بعد ترکمانستان سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

وفد کی ایک ممبر Mahri صاحبہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جلسہ کے تمام انتظامات بہت اچھے تھے۔ ہمیں جس جگہ پر رہائش دی گئی تھی وہ جگہ بہت خوبصورت تھی۔ تمام کارکنان اور رضا کاران نے انتہائی عمدہ سلوک کیا۔ میں نے تمام تقاریر اور نظمیں سنیں کیونکہ اس مرتبہ آواز کا نظام بہت عمدہ تھا۔

موصوفہ نے بتایا کہ عالمی بیعت ہمیشہ کی طرح مجھے **جذباتی کر دیتی ہے اور مجھے خدا کے قریب لا کھڑا کرتی ہے۔** ہر سال میں ایک نئی روح کے ساتھ واپس جاتی ہوں۔ جلسہ میں شریک نو مبائعین کی بیعت کرنے کے متاثر کن واقعات سننے کا بھی موقع ملا۔ **اس جلسہ کا سب سے شاندار وقت وہ ہوتا ہے جب ہمیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات کرنے کا موقع ملتا ہے۔** حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا روشن چہرہ اور آپ کا بات کرنے کا انداز انتہائی مسحور کن لمحات بخشتا ہے۔ اس سال کا جلسہ ہر لحاظ سے بہت اچھا رہا۔ جلسہ ختم ہوتے ہی مجھے اگلے سال کے جلسہ کا بے چینی کے ساتھ انتظار ہے۔

✿......یہ ملاقات دو بجے تک جاری رہی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد فضل لندن تشریف لا کر نمازِ ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔

✿......نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔

✿......پروگرام کے مطابق سوا چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور دفتری ڈاک اور رپورٹس ملاحظہ فرمائیں اور ہدایات سے نوازا۔

✿......بعد ازاں فیملی ملاقاتوں کا پروگرام شروع ہوا۔ آج شام کے اس سیشن میں کُل 48 فیملیز کے دو سو بیس سے زائد افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ یہ فیملیز دنیا کے مختلف ممالک دبئی، کینیڈا، فرانس، آسٹریلیا، جرمنی، ماریشس، ناروے، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، انڈونیشیا، غانا، امریکہ، بیلجیئم، لکسمبرگ، ساؤتھ افریقہ اور بعض دیگر عرب ممالک سے جلسہ سالانہ لندن میں شمولیت کیلئے پہنچیں تھیں۔ اس کے علاوہ ملاقات کی سعادت پانے والوں میں پاکستان سے سیالکوٹ، لاہور، جھنگ، راولپنڈی، اسلام آباد اور کراچی سے آئی ہوئی فیملیز بھی شامل تھیں۔

ملاقاتوں کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے طلباء و طالبات کو قلم کے تحفہ سے نوازا جبکہ چھوٹے بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ ہر فیملی نے ملاقات کے آخر میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی بھی سعادت حاصل کی۔

ملاقاتوں کا یہ سلسلہ پونے آٹھ بجے تک جاری رہا۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد فضل تشریف لا کر نمازِ مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں اور نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔